ہدایات :

۱) ہر جواب سے پہلے متعلقہ سوال ضرور لکھیں۔

۲) ہر جواب نئے صفحے سے شروع کریں۔

سوال نمبر ۱۔ مکتوب نگاری کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے اجزا اور اقسام کا جائزہ پیش کیجیے۔ (20)

یا

مکتوب نگاری کے فن پر مفصل نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر ۲۔ خط کی تعریف، اہمیت اور ضرورت پر تفصیلی گفتگو کیجیے۔ (20)

یا

غالب کی مکتوب نگاری سے پہلے اردو میں مکتوب نگاری کا جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر ۳۔ غالب کی حیات اور ادبی خدمات پر مفصل نوٹ لکھیے۔ (20)

یا

غالب کی مکتوب نگاری کا جائزہ لیجیے اور نصاب میں شامل مرزا تفتہ کے خطوط کا تجزیہ پیش کیجیے۔

سوال نمبر ۴۔ سرسید کے عہد پر روشنی ڈالیے اور ان کی مکتوب نگاری کی اہمیت پر تفصیلی گفتگو کیجیے۔ (20)

یا

سرسید کی ادبی خدمات اور مکتوب نگاری پر مفصل نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر ۵۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی چار اقتباسات کی سیاق و سباق کے حوالے سے وضاحت کیجیے۔ (20)

۱۔ اس کا مقصد تو یہ ہے کہ مسلمان علوم و فنون میں ایسی تعلیم پا جاویں کہ بلا ذریعہ نوکری خود اپنی قوت بازو سے اپنی معاش پیدا کریں اور جو کہ مدارس سرکاری میں بجز نوکری پیشہ بننے کے یہ بات حاصل نہیں ہوتی اس لیے مستقل مدرسے کے قائم کرنے کی ضرورت پیش آئی ہے۔

۲۔ خدا آپ کو جزائے خیر دے اور قوم کو اس سے فائدہ بخشے۔ مسجدوں کے اماموں کو چاہیے کہ نمازوں میں اور خطبوں میں اسی کے بند پڑھا کریں۔

XSAGARDADMINYDB6E1AXSAGARDADMINYDB6E1A

۳۔ پس آدمی کو اپنے خدا کے سامنے نیک نیتی سے کام کرنا چاہیے لوگوں کے کہنے پر مطلق خیال کرنا غلطی ہے۔ پس اس طرح آپ کو بلحاظ اس کے کہ لوگ کیا کہیں گے، مولوی مہدی علی کے استعفے کی منظوری کے لیے کوشش کرنی چاہیے نہ کہ خلل انداز ہونا۔

۴۔ سال بھر کے ساڑھے سات سو روپے ہوتے ہیں۔ سب پنسن داروں کو سال سال بھر کا روپیہ ملا، مجھ کو سو روپے کیسے ملتے ہیں؟ مثل اوروں کے مجھے بھی سال بھر کا روپیہ مل جائے۔ ابھی اس میں کچھ جواب نہیں ملا۔

۵۔ بندے نے بھی زمانہ دیکھا ہے۔ بڑے بڑے مقدس عالموں کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔ بڑے بڑے بزرگوں اور درویشوں کو جوتیاں سیدھی کی ہیں، مگر 'ابیض نورانی' کا سب کو محتاج پایا۔ پھر بھلا آپ ایسی باتیں جاہل مسلمانوں کے برباد کرنے کو کیوں فرماتے ہیں۔

٦۔ مگر ایسا جانتا ہوں کہ میرن صاحب اپنی جد کی نیاز کا روپیہ راہ ہی میں اپنے بازو پر سے کھول لیں گے اور تم سے صرف پانچ روپے ظاہر کریں گے۔ اب سچ جھوٹ تم پر کھل جائے گا۔ دیکھنا کہ یہی ہوگا کہ میرن صاحب بات تم سے چھپائیں گے۔

☆☆☆

XSAGARDADMINYDB6E1AXSAGARDADMINYDB6E1A